garment چاک کر رہے تھے اور مذاق کر رہے تھے ۔ .It is reported in the papers یہ باقاعدہ اخبارات میں آیا ہے۔ اسی طرح کا ایک اور واقعہ ہے ایک شازیہ نامی لڑکی کا بھائی کسی کیس میں ملوث تھا اس پر pressure ڈالنے کے لیے اس لڑکی کو اغوا کیا گیاکہ تم اپنے بھائی کو produce کرو۔ اس طرح کے بیسیوں واقعات ہیں کہ جن میں صورتحال یہ تھی کہ جس طرح ایک فاتح army behave کرتی ہے ویسے ہی انہوں نے پوری community کے ساتھ behave کیا ۔ راتوں کی تاریکی میں چھاپے، گرفتاریاں، پورے پورے علاقے کو گھیرے میں لے لینا۔ ایک ایک گھر کی تلاشی، لوگوں کی بےعزتی کرنا، لوگوں کے ساتھ زیادتیاں کرنا، یہ سارے کا سارا کام، مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے اس ایوان میں کہ یہ کام پاکستان کی فوج نے clean up operation کے نام پر supervise کیا۔ جون ۱۹۹۲ء سے یہ سلسلہ چلا اور چلتے ہی چلا گیا۔ آج ان کے کہنے کے مطابق یہ قصہ اب ختم ہو رہا ہے ۔ کراچی کے عوام خصوصاً اور سندھ کے شہری علاقوں کے لوگ عموماً ان کے دل بےانتہا پکے ہوئے ہیں ۔ ان کی بہت ساری شکائتیں ہیں ۔ ان کے جذبات کے اندر اس حد تک شدت ہے کہ ابھی آپ نے واقعہ پڑھا کہ ایک لڑکے نے نوکری نہ ملنے کی وجہ سے خودکشی کر لی ۔ اب کراچی کے لوگوں کے لیے کوئی حقیقت نہیں ہے۔ آپ کتنے لوگوں کو ماریں گے؟ کتنے لوگوں کو ایف آئی سنٹر میں لا کر ان پر گولیاں برسائیں گے ؟ ان کو torture cells کے اندر لا کر ان کو ماریں گے، پیٹیں گے؟ جناب والا! ۴۰۰ افراد کی لاشیں سرف ایدھی سنٹر نے collect کی ہیں اور ان کو دفنایا ہے ۔ میں نے پہلے بھی یہ بات کہی تھی اور آج بھی یہ بات کہتا ہوں کہ اب تک وہ unknown لوگ جو دفن کئے جا چکے ہیں، ان کے والدین اب تک ان کے منتظر ہیں، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے لڑکے لاہور، ادھر ادھر، اسلام آباد وغیرہ بھاگے ہوئے ہیں۔ لیکن fact یہ ہے کہ وہ قبر میں جا چکے ہیں ۔ اسی طریقے سے میرے پاس News Item حیدر آباد کا بھی رکھا ہوا ہے 84 unclaimed لاشیں وہ لائی گئیں لیکن اب تک کوئی claim کرنے والا نہیں ہے۔ وہ بھی حیدر آباد میں دفن کی گئیں ۔ تو یہ اس پوری community کے ساتھ برتاؤ ہوا جس کے آباؤ اجداد نے اس ملک کو بنانے میں آگے بڑھ کر حصہ لیا اور یہ کس نے کیا؟ یہ اس ادارے نے کیا ہے جس کو ہم پاکستان کی فوج کہتے ہیں اس نے کیا ہے جی۔ ۷۲ افراد کی لسٹ ان کو نظر نہیں آتی۔ جو صحیح معنوں میں ڈاکو ہیں وہ نظر نہیں آتے۔ کراچی میں آج بھی روز پندرہ، سولہ، اٹھارہ، بیس، پچیس گاڑیاں روز اٹھ رہی ہیں ۔ لوگ گاڑیوں کیلئے قتل کئے

جا رہے ہیں ۔ ابھی ایک چیئرو گاڑی کیلئے گلفن تارانی میرا ایک دوست تھا اسے قتل کیا گیا ہے۔ یہ ابھی دو دن پہلے کی بات ہے۔ ہمارے مخدوم امین فہیم کے وہ عزیز تھے ۔ جناب چیئرمین! یہ صورتحال کراچی کے اندر کہاں improve ہوئی ہے ۔ آٹھ آٹھ ' دس دس آدمی روز قتل ہو رہے ہیں۔ کیا فرق پڑا ہے اس population سے۔ ہاں میں جانتا ہوں اس کا مقصد کیا تھا۔ ایم۔ کیو۔ایم کی ایک بچہ تنظیم کو جنم دینا جس کا نام حقیقی رکھا گیا ہے اس کو دودھ پلایا گیا ہے ۔ اس کو پالا گیا۔ اس کو پوسا گیا۔ اس کو لے کر کے پہلے امریکہ میں اس کے تعلقات استوار کئے گئے تو دوبئی لانے ۔ پھر اسلام آباد لا کر رکھا۔ سنٹرل گورنمنٹ کے خرچے پر۔ فوج کے خرچے پر بلایا گیا ان کو ۔ ان سے پلان set کیا گیا۔ بات طے کی گئی ان سے اور بات طے کرنے کے بعد جناب چیئرمین' ۱۹ جون کو کراچی پر شب خون مارا گیا ہے۔ حقیقی کے دہشت گرد آرمی کی گاڑیوں میں بیٹھ کر آئے آئے---- یہ اس ادارے کا کام ہے جو سرکاری ادارہ ہے۔ ان لوگوں نے کراچی پر شب خون مارا۔ ہمارے دفاتر پر شب خون مارا اور قتل کا بازار گرم کیا۔ آج بھی کراچی میں جگہ جگہ قتل ہو رہے ہیں۔ کیوں یہ قتل ہو رہے ہیں؟ نئی نیکسیاں دروازے نکلے ہوئے ہیں۔ آپ کو بندوقوں کی نالی باقاعدہ نظر آئے گی۔ نئی نئی بندوقیں جی تھری اور اللہ جانے کون کونسی رائفلیں جس کو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ سرکاری اسلحہ ہے یہ پبلک کو مل نہیں سکتا۔ یہ تمام اسلحہ لئے ہوئے کچھ لوگ آزاد گھوم رہے ہیں۔ یہ کس طرح آزاد گھوم رہے ہیں۔جب تک آپ کی سر پرستی ان کے اوپر رہے گی تب تک کراچی میں امن بحال نہیں ہو سکتا۔ نہیں ہو سکتا' نہیں ہو سکتا۔

جناب والا ۔ کراچی کا مسئلہ یہ ہے کہ حقیقت کو تسلیم کرو۔ کراچی کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ جماعت جس کو mandate دیا گیا ہے اس کو تسلیم کرو۔ کراچی کا مسئلہ' گیارہ لاکھ ووٹ اس جماعت نے الیکشن کے اندر حاصل کئے ہیں جو پاکستان کی تیسری بڑی جماعت ہے اور عبداللہ شاہ کا بیان ابھی دو دن پہلے تھا کہ الطاف حسین دہشت گرد ہے میں اس سے بات نہیں کروں گا۔ ایک آدمی جس کے پندرہ قومی اسمبلی کے ممبر ہیں' کی پارٹی کے پانچ سینیٹرجس کے ستائیس ممبرز صوبائی اسمبلی ۔ جس کے دو میئرز تو مجھے بتاؤ تم میں سے کوئی ایسا لیڈر ہے نمبر تین گریڈ کی وہ پارٹی ہے۔ نمبر ا یہ دو پارٹیاں یہاں موجود ہیں اور تھرڈ ایم۔ کیو ۔ ایم ہے اور آپ کہتے ہیں کہ میں اس سے بات نہیں کروں گا۔ جناب اگر حقیقت کو ماننے کیلئے آپ تیار نہیں ہیں۔ mandate کی قدر کرنے کو تیار نہیں ہیں' کراچی کے شہری علاقوں میں ایم ۔ کیو۔ ایم ہے اور صرف ایم۔ کیو۔ایم

ہے اور اگر اس کو آپ ماننے کو تیار نہیں ہیں تو کراچی کا مسئلہ کیسے حل ہو گا؟ ایسے ہی حل ہو گا جیسے حل ہو رہا ہے ۔ محترم چیئرمین ۔ بات یہ ہے کہ الطاف حسین جس شخصیت کا نام ہے اس کی ایک انگلی پر چالیس لاکھ انسان خاموش ہوتے ہیں۔ اس نے کہا کہ میں ایک دو تین گنوں گا اور خاموشی ہونی چاہیے۔ یہ جتنے لوگ اس جلسے میں گئے تھے سب گواہ ہیں اس بات کے اور آپ کہتے ہیں کہ اس سے بات کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم اس کی حقیقت کو ماننے کو تیار نہیں ہیں ۔ آپ اس حقیقت کو ماننے کو تیار نہیں ہو کہ کراچی میں اور سندھ میں صرف اور صرف دو پارٹیاں ہیں ایک وہ جو اردو سپیکنگ کے طبقے کو represent کرتی ہے اور دو پارٹی وہ جس کا نام پیپلز پارٹی ہے۔ محترم چیئرمین اگر ایک آدمی بتا دیں۔ ایک اردو سپیکنگ جس کو انہوں نے اب تک ٹکٹ پر جتوایا ہے، ایک------

سید اقبال حیدر۔ این ذی خان۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں صوبائی اسمبلی کی بات کر رہا ہوں ۔ I am talking of Provincial Assembly. ۔ جس کی یہ بات کر رہے ہیں اس میں ہم بائیکاٹ پر تھے۔ جناب اقبال صاحب، آپ کو موقع ملے گا آپ جواب دیجئے گا۔ مجھے اجازت دیں میں بالکل facts کی بات کروں گا۔ میں یہ عرض کروں جناب والا، کہ ستائیس ممبر ہمارے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ غالباً ٹائم کا بھی کچھ آپ نے خیال کیا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ دیکھیئے آپ اگر کراچی کی بات کریں گے تو مجھے موقع دیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ دیکھیں، آپ کا فیصلہ ہے، میرا فیصلہ نہیں ہے، ہاؤس کا ہی فیصلہ ہے ۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ ایم کیو ایم اگر relevant پارٹی ہے تو اس کی بات سنیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ درست۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ اور اگر نہیں سننا چاہتے ہیں تو I will go out of the House۔ اگر بات بھی نہیں سننا چاہتے ہو تو مسئلہ کیا حل کرو گے؟ اس لئے میں آپ سے یہ عرض کر رہا تھا محترم کہ پوری مہاجر قوم کی، ستائیس صوبائی اسمبلی کے ممبران نمائندگی کرتے

ہیں۔ اور باقی جو ہیں وہ ان کے پاس ہیں ۔ تمام کے تمام دوسری زبان کے بولنے والے لوگ ہیں۔ وہ بھی ہمارے بھائی ہیں۔ آپ بات کرتے ہیں، آپ کہتے ہو آپ ۲۷ ہیں، آپ کم ہیں۔ ارے بھائی، عددی برتری اور بہتری سے کچھ نہیں ہوتا۔ ہم ایک طبقے کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ ایک طبقہ ہے جس کی ہم نمائندگی کر رہے ہیں۔ تم یہ مینڈیٹ جب تک نہیں مانو گے، ہمیں معلوم ہے تم یہ مینڈیٹ ماننے کو تیار ہو لیکن کوئی اور کہہ رہا ہے تم سے کہ نہیں مانو یہ مینڈیٹ ۔ ہم بیس دفعہ بیٹھ چکے ہیں بات کرنے کے لئے ۔ بیس دفعہ ہمارے agreements ہو چکے ہیں ۔ کوئی اور کہتا ہے کہ تم مت مانو۔ اس کو اسی طرح چلنے دو۔ کوئی اور کہتا ہے اس بات کو۔ پیپلز پارٹی جانتی ہے کہ مہاجر سندھ میں ان کا ہمارا چولی دامن کا ساتھ ہے ۔ پیپلز پارٹی کو پتہ ہے کہ ان کا ہمارا مرنے جینے میں، آنے جانے میں، شادی بیاہ سب میں ہمارا ایک دوسرے کے ساتھ ملنا جلنا، اٹھنا بیٹھنا ہے۔ پیپلز پارٹی کو پتہ ہے اس بات کا لیکن ہمیں معلوم ہے کہ پیپلز پارٹی کی difficulties کیا ہیں؟ اور دوسری بات میں یہاں کہنے سے نہیں رکوں گا وہ یہ ہے کہ پیپلز پارٹی نے ایسے موقع کا فائدہ اٹھایا۔ آگے کا نہیں دیکھا کہ آگے کیا ہو گا۔ پیپلز پارٹی نے اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اور میں، پرائم منسٹر جیسے سیاستدان کا یہ statement quote کروں گا یہاں پر ۔ انہوں نے کہا National Defence College میں کہ ایم کیو ایم کے مسئلے کو حل کرنے کا طریقہ صرف اور صرف یہ ہے کہ ان کا ووٹ بینک توڑ دیا جائے۔ بالکل irresponsible اور غیر ذمہ دارانہ بیان تھا پرائم منسٹر صاحبہ کا۔ ان کو نہیں کہنی چاہئے تھی یہ بات۔ ایک جمہوری طریقے سے، ان کی ایک پارٹی ہے، انہوں نے الیکشن میں حصہ لیا ہے، انہوں نے جیتا ہے الیکشن ۔ جیت کر باہر آئی ہیں وہ۔ وہ آج پرائم منسٹر ہیں ۔ کوئی بھی پارٹی جس کو لوگ ووٹ دینا چاہتے ہیں، آپ کہہ رہی ہیں کہ ہم اس کو اس انداز سے manipulate کریں گے کہ ایم کیو ایم کا ووٹ بینک توڑ دیں اور یہ statement ان کا اس دن آیا ہے جس دن وہ National Defence College گئی تھیں ۔ میں پڑھ کر حیران رہ گیا ۔ ہم اس بات کی مذمت کرتے ہیں ۔ ایک ذمہ دار سیاستدان کو یہ بات نہیں کہنی چاہئے تھی۔ اور اس کے علاوہ اگر آپ بات کرتے ہیں کہ کراچی کا مسئلہ حل ہونا چاہئے محترم چیئرمین، تو میں آپ کو پیپلز پارٹی کی وہ تمام حرکتیں گنواؤں گا جو انہوں نے ہمارے ساتھ روا رکھی ہیں اب تک ۔ جناب Karachi Development Authority exist کرتی ہے کراچی میں۔ کیا ضرورت پڑی ہے کہ Lyari Development Authority بن جائے۔ کیا ضرورت پڑ گئی ہے

کہ ایک اور Development Authority بنائی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ نہیں، وہ تو میں نے گزارش کی ہے آپ سے کہ ٹائم تو ہمارا۔

سید اقبال حیدر۔جناب دس سے پندرہ منٹ ہم نے فیصلہ کیا تھا، اب آدھا گھنٹہ ہو گیا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ آدھا گھنٹہ کہاں ہوا ہے؟

سید اقبال حیدر۔میں یہ کہتا ہوں کہ بالکل آدھا گھنٹہ۔۔۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ ابھی ہوئے ہیں صرف ۲۰ منٹ۔ صرف ۲۰ منٹ ہوئے ہیں۔

سید اقبال حیدر۔نہیں آدھے گھنٹے سے زیادہ ہو گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ پندرہ منٹ سے تو میں سن رہا ہوں۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں نے عرض کیا صرف ۲۰ منٹ ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ پلیز آپ تشریف رکھیں، میں بات کرتا ہوں ان سے، وہ خود محسوس فرما رہے ہیں، ان کا اس کو احساس ہے۔ شیخ صاحب کو احساس ہے اس چیز کا خود بھی۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ دیکھئے میں عرض کروں کراچی میں داخلوں کا مسئلہ، جعلی ڈومیسائل، وہاں کے رہنے والوں کو داخلہ refused۔ ہمارے لوگوں کو، سب کو interior سندھ میں transfer۔ powers, rule amend کر دیئے گئے فوراً۔ کراچی کا سولہ گریڈ کا ملازم کبھی انٹیریر سندھ میں ٹرانسفر نہیں ہوتا تھا اب وہ transferable ہے۔ کورٹوں کے subject بدل دیئے گئے۔ ایک تو دہشت گردی کے کورٹ ہیں۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے اندر ہیں۔ خود وزیراعظم کہتی تھیں، ان کو اور اس کورٹ کے جج کو بھی سب کو ہٹا کے سب اپنے اپنے رکھ لئے۔ اب آدمی سانس کیسے لے۔ اس کے علاوہ ہم پر cases پیپلزپارٹی کے دور میں بھی بنائے گئے ہیں۔ یہ نہیں ہے کہ پیپلزپارٹی بہت پاک اور صاف اور بڑی innocent اور بڑی معصوم اور آب کوثر میں نہائی ہوئی ہے۔ پیپلزپارٹی نے یہ سب آپریشن کلین اپ کا خوب مزہ لیا ہے، خوب مزہ لیا ہے۔ اور انہوں نے کہا ہے کہ مارو اور مارو ان کو، خوب مارو۔ تو جناب والا، بات یہ ہے کہ مسئلہ اس طرح حل نہیں ہوگا۔ مسئلہ اگر حل کرنا ہے تو ان کو تو احساس ہو گا جنہوں نے ۱۹ جون ۱۹۹۲ء سے

آپریشن شروع کیا تھا۔ انہیں تو معلوم ہو گیا کہ بھائی اس آپریشن میں وہ عزت سادات بھی گئی۔ جناب چیئرمین، میں آپ سے دو منٹ چاہوں گا کہ اس آپریشن کے اندر وہ سمجھے تھے کہ بھئی ہم حقیقی والوں کو لے کے جائیں گے اور فوراً قبضہ کریں گے، حیدرآباد کے دفتر، یہ دفتر، وہ دفتر فلاں کر، کرا کے مار کے قصہ ختم کر دیں گے۔ اس کے بعد جتنے الیکشن ہوئے ان کو اندازہ ہو گیا کہ ایم کیو ایم کہاں کھڑی ہے اور حقیقی کہاں ہے۔ اگر یہ احساس ان کو ہو جائے یعنی سندھ کا مسئلہ حل ہو جائے۔ ابھی بھی پیچھے سے ڈوریاں ہلا رہے ہیں۔ ابھی فرما رہے ہیں ان کو کہ یہ بات مت کرنا 10 points agree کر لیا تب بھی comply مت کرو۔ ابھی بھی ہم نے کہا ان کو اب دیکھیں ہیں-----

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شیخ صاحب ٹائم کی طرف توجہ دیجئے گا۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ ابھی بھی کہا ان کو کہ دیکھئے آپ نے 10 points پہ agreement کیا ہے۔ اس کو آپ implement کریں۔ implement کرتے تو وزیراعظم لندن جا رہی ہیں۔ حالات بہتر ہوں گے۔ ابھی بھی No implementation، کیونکہ آپ کی ڈور کہیں اور سے کھینچی جا رہی ہے۔ کوئی اور کہتا ہے کہ مت کرو، مت ملو، مت ملو۔ تم گولی دیتے ہو، تم نہیں ملنا چاہتے ہو۔ کہیں اور سے ڈور کھینچ رہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ جی Thank you, very much۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب چیئرمین، اب چونکہ آپ مستقل فرما رہے ہیں کہ میں نہ بولوں۔ اب آخر میں، میں ایک قرارداد دے رہا ہوں ---

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ دیکھئے ایک منٹ یہاں پہ اور مقرر---

جناب آفتاب احمد شیخ۔ آخر میں بات سن لیں۔ میں ایک قرارداد دے رہا ہوں۔ میں قرارداد پیش کرنا چاہتا ہوں۔

Syed Iqbal Haider: He cannot move. It can only be moved at the conclusion of the debate if they want to.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Alright, if the Law Minister says so, I

will consult with the Law Minister on this Resolution . look into it and if we held consensus then I will move that resolution.

لیکن میں آپ سے پھر یہ بات کہتا ہوں۔ اور میں protest کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے تھوڑا سا وقت نہیں دیا کراچی میں ہزاروں آدمی مر چکے ہیں اور آپ کے پاس ٹائم کی کمی ہے۔ as usual کراچی کی بات نہیں سن رہے ہیں آپ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ Thank you, very much شیخ صاحب now I give the floor to Kamal Azfar Sahib. thank you very much Sheikh Sahib

بیرسٹر کمال اظفر۔ یہ سینئیر آفتاب شیخ صاحب کی تقریر ہم نے بڑے تحمل سے سنی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب on point of order

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب! میری آپ سے عرض یہ ہے کہ اگر آپ وقت مقرر کرتے ہیں تو پھر اس کی پابندی سب کے لیے ہونی چاہیے۔ لیکن میں ذاتی طور پر اس کے حق میں ہوں کہ سپیکر جو بولنا چاہے اس کو زیادہ سے زیادہ ٹائم ملے ۔ میں اس بات کے حق میں ہوں کہ جو اپنے ما فی الضمیر کے مطابق زیادہ بولنا چاہتے ہیں انہیں موقع دیا جانے لیکن اصول یہ ہے کہ میں ہمیشہ آپ سے یہ غرض کرتا ہوں' بار بار عرض کرتا رہتا ہوں مگر یہاں اصول دو بن جاتے ہیں۔ ہمارے لیے ایک اصول دوسرے کے لیے دوسرا۔ توجناب کوئی ایک اصول اپنائیں بس۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ دیکھئیے' ڈاکٹر صاحب تشریف رکھئے گا ' 'no point of order تشریف رکھیئے۔ چلئیے جی کمال اظفر صاحب۔

بیرسٹر کمال اظفر۔ سینئیر آفتاب شیخ صاحب کی تقریر ہم نے سنی ہے بڑے صبر و تحمل سے' حالانکہ ہمارے ساتھ کافی ناانصافی انہوں نے کی۔

There is no doubt that the city of Karachi has problems and very serious problems which have been accumulating for a large number of years But at the outset, I would like to clarify and to answer some of the accusations and charges that have been levelled against us. To begin with, as far as, the Army operation is concerned, the Army was called in by the administration of Mian Muhammad

Nawaz Sharif, when he was the Prime Minister of the country in 1992 and when he was in alliance with the organization that the learned Senator represented. Infact, the Army is now to be withdrawn. So, the two facts, which are crucial facts in history are: that the Army was invited in by Mian Muhammad Nawaz Sharif and the Army is now going back to barracks under the administration of Prime Minister Benazir Bhutto. So this is a very crucial fact, which I think, has been ignored in all the allegations that have have been made against us.

Secondly, Sir, it is absolutely incorrect and there is absolutely no basis that somebody is pulling strings behind the back and that we are being guided by or controlled by any other forces. Infact, there is no such thing as guided democracy, as far as we are concerned. The Pakistan People's Party and the coalition with its allied parties,, is taking the decisions in the best interest of the country. And the only question that has arisen is, whether a mandate includes a licence to kill. After all, in the killings that are taking place in the city of Karachi, many policemen are being killed. Many people, who work in the law enforcing agencies have been killed. And if the allegation is that the agencies are involved in de-stablising a certain political organization, then the question arises, who is responsible for these killings including the Chairman of that organization was also killed. And the question also arises who killed Azim Tariq? And these are some very serious questions that do arise about the situation in Karachi. As far as, the question of the vote bank is concerned, we do not concede that any party has a monoply over any ethnic group. The Pakistan People's Party believes that the Muslims of Pakistan constitute one nation. We belive, that we have the right to present our agenda in every corner, in every village and in every street of the country, whether it is in Sindh or

whether it is in Baluchistan or whether it is in the Punjab, or whether it is in the NWFP. This is the philosophy of the party. And the city of Karachi has seen many passing phases. We remember the days, when the lantern were exhibited in the city of Karachi and the Council Muslim League was powerful in that city. We remember the days, when a certain retired Air Marshal led processions, and was elected from that city. And subsequently, forefeited his deposits in that very constituency. So, we do not say, and we will never concede that any party has any permanent monoply or they are right to say that they have a total control and for ever Karachi is their Jagir. We will not concede that. We will fight against it. We will present our view point, at any cost, whether it is at the cost of our lives or at the cost of any thing. We will stake every thing and we will speak for Karachi and will speak for Pakistan and we look forward to the day when Karachi, once again, is regarded as mini-Pakistan, as it was in the old days.

Sir, as far as, the over all history of the city is concerned and also here, I would say that it is not correct under any parliamentry system or under any political system, for a member of one party to call upon the resignation of the head of another party. The Pakistan People's Party also has a mandate in the elections and we can assure you, please, disabuse yourself of the idea that under any circumstances, Mohtarma Benazir Bhutto will resign or will leave the office, because she has got the mandate from the people of Pakistan and "Insha Allah", we will be there to serve for 5 years to solve the problems of the country. Everything is being tried. There was a train march. There was a long march. There are rumours that certain motions are being brought in.

تو سارے شوق آپ پورے کر لیں ۔

We will face the situation. We have faced you in the streets. We have faced you in the Parliament and we will continue to face you but please do not live under any elusion. Mohterma Benazir Bhutto is flexible and as flexible as steel. She will not go away. She is going to be there. Please learn to live with this reality because it is a thrust and a mandate from the people of Pakistan. So, some of the important issues that had to be clarified in the beginning but I want to go deeper, Sir. It is not only question that we are here to discuss the problems of the city. As someone said that every problem has a solution and we are here to find the solution to the problem of the city and I would say here that the Pakistan People's Party has a proven record for the service of the city of Karachi and in fact, it is time that that organization which says that they have the mandate should ask themselves what they have done because they had to have the mandate according to them for the last nearly 10 years, since 1987 elections to the local bodies and out of those 10 years for five years they virtually were running a state within a state and what have they done? Did they solve anything? Did they build anything ? And I tell you what the People's Party did. The Pakistan Steel Mills was built by Prime Minister Zulfiqar Ali Bhutto, where the majority of the people employed in that Steel Mills as is reflected in the union results from the city of Karachi. I don't want to use the word "Mohajir" because I am proud to be a Karachi-citizen but in Karachi everyone is living there. It is the biggest Pathan city in the world. There are more Pathans in the city of Karachi than in Peshawar and they have contributed to build in that city. What reply can we give to the buildings and the stones and the streets and the roads that have been built by the labour and the toil of our brothers that they do not have a claim to it. There are people living there. There are old inhabitants of the

city. There are the old fishing villages. There are the inhabitants of Lyari and Lyari also has the right to develop, why not? I feel that, don't look in terms of divisions. Let us look forward to a situation where the whole Sindh can be developed? Where the whole of Pakistan can be developed? So that we have an even development throughout the country because the root cause of the problems of the city of Karachi is the overall problem of Pakistan and that overall problem is first of all the growing population of the country, the unemployment in the country and as a result of that inflation and unemployment there is an influx into the city. The city of Karachi grows at the rate of 6 percent a year whereas the rest of the country grows at the rate of 3 percent a year and that is creating a huge burden on the city which it can not take for ever. It is the only large metropolis in the world which does not have a natural supply of water. Rome has the Tiba, Paris has the same, London has the thames, Newyork has the East River , Calcutta has the Hugly and Cairo has the Nile but Karachi does not have a river running through it and there is not rainfall either. So, it is the only metropolis in which the water is pumped from 70 miles from the city. So it can not keep growing for ever and the reason it is growing is the poverty in the rest of the country. If we have even economic development, nobody would like to leave his village or his home to go away to a distant place and leave his family behind. So, we should have a policy and we do have a policy. We are here, we have an agenda of change, we will not get distracted. If you think, you can distract us from an agenda that is also incorrect. The agenda should be that there should be an overall economic development of the country so that people can find employment in their own villages and in their own towns, in their own cities and they do not have to have this migration and this influx into the city of

Karachi.

Secondly, Sir, I am talking of the achievements in the period of the administration of Prime Minister Zulfiqar Ali Bhutto, the House Building Finance Corporation started the financing of flats. Before that time the House Building Finance Corporation was not allowed to finance the building of flats. We introduced that and now 60 percent of the total loans of the House Building Finance Corporation have gone into the construction of flats in the city. So, I would say Sir, that throughout the Zia period Karachi was neglected. What has Zia left us with? We left with a national debt and now the repayment of the national debt exceeds the expenditure on defence and development in the country. We are paying 13,500 crores on the repayment of the debt that he has left behind for us. He left us with power shortages, with problems of inflation that he has left behind for us. He has left us with power shortages, with problems of inflation and unemployment and I think that we have definitely got an effective programme fo. solving the problems of Karachi. Here I would submit that there are five major problems.

One is water supply.

Secondly, there is the drainage of the water.

Thirdly, there is electricity.

Fourthly, there is the problem of transport

And fifthly, of employment.

The Prime Minister has announed a package -" Karachi Package", of 121 billion and in this respect we have some very concrete suggestion which I will lay before this House.

The first of them is that as far as the water supply is concerned if the

leakage of water can even be reduced by 10 per cent, we can get forty million gallons extra per day and this is something we are doing immediately and we have a very effective and a young and a dynamic administrator who is working on this. Secondly Sir, as far as the electricity is concerned the total output of electricity in Karachi is 1700 M.Ws. whereas the requirements of the city even in the June, and at the height of the summer, is 1500 M.Ws. but there is a 33 per cent leakage in the electricity and we have a programme of now privatization of KESC. We have reconstituted the Board in which we have some very experienced people from the business world like the Head of City Bank. Shaukat Tareen is a Member of that Board, Qasim Lakha is a member of the Board. the former Governor of Sindh Fakhruddin G. Ibrahim is a member of the Board. But we have a programme for the privatization of the KESC and we are building not only the Hubco Project but also there is going to be in Manohra another project which will provide 450 extra M.Ws. of electricity. Gorden Hue who has often used pilloried in the Press. Gorden Hue is the person who turned around the energy shortage in China. He is the person who turned around the energy shortage in Manila. Manila used to have twenty four breakdowns, tweleve hour breakdowns and now there is an unnterrupted supply of electricity. The whole world applauds Prime Minister Benazir Bhutto for a policy of energy and how it is going to attract the energy investment.

On transport Sir, there is a mass transit scheme but at the same time like the mass transit scheme, there is going to be a Northern By-pass and a Sourthern By-pass and if you want to see it I will invite Senator Aftab Sheikh. He should come with me I can show him the Northern By-pass and the Sourthern By-pass which has already been started. I drove on it the other day and you can

go for a drive from Tameezuddin Khan Road to the Clifton Boating Basin Area and from there onwards to the National High Way. And that will reduce the pressure on the three thousand trucks.

Fourthly Sir, I would say that as far as the storm water drainage is concerned, for the storm water drainage we have a scheme, it is going to cost fifty eight crores. Again that is related to the influx. Because of the encroachments people have built on the storm water drains. And that scheme we have started and that will also be implemented. And when we have all these investment activities and finally, I come to employment. I was meeting the Counsel General, the Heads of Mission in Karachi day before yesterday and they all said that we want to invest but unless the law and order situation improves how can we invest and once the investment comes the employment situation can also be increased.

So I will appeal to everyone. I will appeal that please say a farewell to two things. Say farewell to the idea of any division. There is no such thing as a bloodlust division. It is morally incorrect that we should go to Assembly Houses and we should ask for the division. It is constitutionally impossible because no province can be divided without the consent of that province. And it is also politically unacceptable. We have seen the consequences. Do you want to turn it into another Serbia and Bosnia? How will it solve the issues? And then people will say why not further sub divide and keep dividing and where will it end? Let us once against raise the torch of Muslim nationhood, of Muslim unity Let us work together for better Pakistan.

And finally, I would say please abandon violence a political method. Say farewell to arms because violence is not the way to solve the problems of

the country and these are my submissions. Sir. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. Kamal Azfar Sahib. On a point of order, Aftab Ahmed Sheikh Sahib.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Mr. Chairman, the Chairman who was presiding the Senate today he has fixed

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ میں آ رہا ہوں ۔ مجھے بات کرنے دیں۔ آپ نے پہلے ہی مجھ سے میرا قلم چھین لیا ہے ۔

I have been told by my office that it was decided by the honourbale members of the House when Chairman was presiding over that, at 1.20, we would take two Call Attention Notices which are on agenda today. So, I think first of all, first Call Attention Notice is at Sl. No. 10. It has been moved by Syed Jawad, Mr. Ibrahim Khan, Syed Ishtiaq Azhar, Ch. Anwar Bhinder Sahib, Mr. Fateh Muhammad Khan, Makhdoom Syed Hamid Raza Gilani, Syed Muzammil Shah, Mr. Manzoor Gichki, Hafiz Fazal Mohammad, Syed Ehsan Shah, and Mr. Yahya Bakhtiar.

جناب انور بھنڈر صاحب وقت کی پابندی فرماتے ہوئے پانچ منٹ میں ارشاد فرمادیں ۔

جناب امداد علی اعوان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب کیا توجہ دلاؤ نوٹسز کے بعد کراچی کی صورتحال پر بحث جاری رہے گی ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ آج نہیں کیونکہ ابھی آذان بھی ہو جائیگی ۔ جی جناب انور بھنڈر صاحب۔

CALL ATTENTION NOTICE RE: THE INDISCRIMINATE FIRINNG ON THE PRTICIPANTS OF THE AZMAT-E-ISLAM CONFERENCE

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ جناب والا! یہ توجہ دلاؤ نوٹس جو اس ہاؤس میں پیش کیا

گیا ہے یہ جناب، اس عظمت اسلام کانفرنس لاہور کے متعلق ہے جس پر indiscriminate firing کی گئی۔ اور اس کے نتیجے میں کئی لوگ زخمی ہوئے ۔ دراصل جناب والا! بات یہ نہیں ویسے تو ہر روز ہم اخباروں پڑھتے ہیں کہ کراچی میں بھی بہت سے لوگ ہر روز لقمہ اجل بن رہے ہیں۔ کراچی کی حالت بہت نازک ہے۔ لیکن وہ اس issue سے متعلق نہیں ہے۔ لیکن اس کی جو background ہے ۔ اس کا ایک پس منظر ہے اس کو جناب والا، ہم نے دیکھنا ہو گا۔ نفاذ فقہ جعفریہ جس نے جناب والا، یہ تحریک یا یہ جس نے اس کا انعقاد کیا تھا وہ پیپلز پارٹی کی الحاقی جماعت تھی۔ ان کے ساتھ آج سے نہیں کافی دیر سے ان کے ساتھ الحاق چلا آتا تھا۔ اور جب بھی کبھی الیکشن آتے ہیں جب تو جہاں جہاں بھی خواہ ایک دیہات میں کوئی آدمی بیٹھا ہوا تھا تو شیعہ حضرات نے ان کی مدد کی۔ لیکن انہی کے دور حکومت میں ان پر اب جناب، یہ گولیاں چلائی گئیں۔ کیوں چلائی گئیں؟ کس لئے چلائی گئیں؟ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا انکو نہ صرف عوام کو جواب دینا ہوگا ۔ بلکہ اس جماعت کو بھی اس ہاؤس میں جواب دینا ہوگا ۔ اس کے متعلق میں جناب والا، یہ عرض کروں کہ اختلافات تو سیاسی ہوتے ہیں ہر روز ہر جگہ بہت سی مجلسیں ہو رہی ہیں۔ حکومت کے خلاف کئی اجلاس ہورہے ہیں ۔ حکومت کے خلاف کئی جلوس نکل رہے ہیں۔ حکومت کے خلاف بہت سی کارروائیاں ہورہی ہیں لیکن جناب، یہ گولیاں چلانا، اور ان لوگوں کا برسرعام مضروب ہونا، یہ بات میں سمجھتا ہوں کہ کسی لحاظ سے درست ہے نہ اخلاقی لحاظ سے درست ہے۔ اور پھر جناب ہم ہر روز یہاں کہتے ہیں کہ فرقہ واریت نہیں پھیلنی چاہیئے۔ جناب والا، فرقہ واریت بالکل نہیں پھیلنی چاہیئے ۔ اگر کوئی شخص قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے تو خواہ وہ شیعہ ہے، خواہ وہ سنی ہے، خواہ الف، ب ہے۔ کسی عقیدے سے اس کا تعلق ہے اس کو spare نہ کریں ۔ لیکن فرقہ واریت کی بنیاد پر کوئی عمل حکومت کا یا ہم میں سے کسی کا بھی نہیں ہونا چاہیئے ۔ ہم سب بھائی ہیں مسلمان ہیں۔ ہم ایک امت سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا اگر ہم نے پاکستان کو آگے لے جانا ہے، اگر ہم نے اس ملک میں ترقی کرنا ہے۔ اگر ہم نے پاکستان کو اپنا صحیح مقام دلانا ہے ۔ تو ہمیں فرقہ واریت سے نکلنا ہو گا۔ ہمیں اس بات کوختم کرنا ہوگا ۔ جب تک ہم اس کو ختم نہیں کرتے پاکستان آگے نہیں چل سکے گا۔ وگرنہ ہم اسی

بات میں الجھ جائیں گے اور یہ فائرنگ جو کانفرنس پر ہوئی۔ اس قسم کی باتیں شہروں میں پھیل جائیں گی۔ یہ قصبوں میں پھیل جائیں گی' یہ دیہاتوں میں پھیل جائیں گی اور خدانخواستہ اگر یہ فسادات ان دیہاتوں میں پھیلیں تو پھر نہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت اس کو کنٹرول کر سکے گی اور نہ کوئی آنے والی حکومت اس کو کنٹرول کر سکے گی۔

اس لئے جناب' میں نہایت دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ اس مسئلے کو پورے غور سے دیکھیں اور ensure کریں' جناب' ان حضرات کو ensure نہ کریں۔ جناب والا! اس کا مقصد بھی تو دیکھئے ذرا' عظمت اسلام کانفرنس ہو رہی ہے' اسلام کی خدمت ہو رہی ہے' کچھ اسلامی مسائل بیان کئے جا رہے ہیں' اسلام کو زیادہ موثر بنانے کے لئے زیادہ عملی طور پر اقدامات اٹھانے جا رہے ہیں۔ تو جناب والا' اس پر یہ فائرنگ۔ کسی لحاظ سے بھی اس کا کوئی جواز نہیں تھا۔ تو ہمیں یہ سوچنا ہو گا کہ اگر ہم نے اس فرقہ واریت کو ختم کرنا ہے تو جناب' اس کے متعلق مثبت اقدامات اٹھانے ہوں گے اور ان اقدامات کے لئے بھائی چارے کی فضا چاہئیے اور بھائی چارے کی فضا کب ہو گی؟ آج حکومت آپ کی ہے' ذمہ داری آپ کی' گو معاشرے میں ہر ایک کی ذمہ داری ہے لیکن آپ کی ذمہ داری زیادہ ہے۔ اس کو popular کرنا' اس کو زیادہ موثر بنانا آپ کا کام ہے۔ اور آپ اس کو زیادہ موثر بنا سکتے ہیں۔ خدا را یہ فرقہ واریت کو نہ خود جنم دیجئیے نہ اس کو encourage کیجئیے' نہ ایسے حالات پیدا کیجئیے جن سے یہ فرقہ واریت پھیلے۔ باقی سیاسی اختلافات موجود ہیں' سیاست میں اگر کوئی ایک پارٹی کی حمایت کرتا ہے' ہر روز پارٹیاں اپنی امداد یا اپنی حمایت تبدیل کرتی رہتی ہیں لیکن جناب والا' اس بات کا بدلہ یہ دینا' یا اس بات کا indiscriminate firing میں منتج ہونا یہ کسی لحاظ سے درست نہیں ہے۔ اس لئے میں اس ہاؤس سے اور خصوصاً حکومت سے مودبانہ عرض کروں گا آپ کی وساطت سے کہ وہ فضا پیدا کیجئیے اور اس قسم کے واقعات کو روکنے کے لئے پورے اقدامات کیجئیے اور اس معاملے میں عملی کارروائی اور اپنی عملی دلچسپی کا ثبوت دیجئیے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ جناب منظور احمد گچکی صاحب' آپ بھی اختصار سے کام لیجئیے گا۔

جناب منظور احمد گچکی۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب' جناب والا! یہ مسئلہ فرقہ واریت کا یا fundamentalism کا اب تو اس قدر اہمیت اختیار کر چکا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ ----

(اس موقع پر اذان ظہر ہوئی)

(ظہر کی اذان کے بعد اجلاس دوبارہ شروع ہوا)

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ایک یہ Call Attention Notice چل رہا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر پانچ منٹ محترم بول لیں گے۔ آپ کے لئے گزارش کر رہا تھا کہ پھر حافظ صاحب بھی ہیں وہ بھی پانچ منٹ بول لیں گے اور اس کے بعد وزیر صاحب اس پر اپنی آراء کا اظہار فرمائیں گے اس کے بعد اگر کوئی ٹائم ہوا تو کوئی دوسرا نوٹس لے لیں گے۔ جی جناب منظور گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی۔ جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ آج کا جو ایشو ہے یہ جو Call Attention Notice ہے' یہ اتنا اہم ہو گیا ہے کہ اس وقت میرے خیال میں پاکستان میں سب سے زیادہ سب سے بڑے ایشو کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔جناب چیئرمین! یہ ایک ذہن کی عکاسی کرتا ہے sectarianism اور اس طریقے کی چیزیں۔ کیونکہ وہ لوگ جن میں قوت برداشت نہ ہو' جو ڈیموکریٹک ذہن کے لوگ نہ ہوں اور جن کا اوڑھنا' بچھونا' کھانا' پینا ہی یہی ہو تو ان کا طریقہ کار یہی ہوتا ہے' وہ یہی طریقے adopt کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! بدقسمتی یہ ہے کہ جب بھی اس ملک میں کوئی بھی ملٹری regime آیا اس کی کوشش یہی رہی کہ عوام کو کس طریقے سے تقسیم کیا جائے۔ اور اگر عوام تقسیم نہ ہوں تو بین الاقوامی طور پر ایسے حالات پیدا کئے جاتے ہیں کہ عوام کی توجہ اپنے مسائل کی بجائے اس طرف یعنی مذہبی منافرت کی طرف ہو جاتی ہے۔ عملی طور پر حکمران طبقہ کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ عوام کی توجہ کو divert کیا جائے۔ جناب چیئرمین! لاہور اکیلا نہیں ہے' میرے خیال میں کراچی کے بہت سے ہمارے دوست یہاں بیٹھے ہوئے ہیں' اس وقت جناب والا' حالت یہ ہے کہ نشتر پارک میں ایک طرف ایک گروہ ہے اور دوسری طرف دوسرا گروہ ہے' اور ہر روز وہاں فائرنگ ہوتی ہے۔ یعنی ایک فقہ کے لوگ یہاں ہیں اور دوسری فقہ کے لوگ وہاں' آمنے سامنے ہیں۔ اور اس وقت آپ سولجر بازار میں گھوم نہیں سکتے' آپ چل نہیں سکتے تو یہ مسئلہ وہاں پیدا ہو چکا ہے اور یہ کیا گیا ہے۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انسانیت کے خلاف سب سے بڑی سازش ہے۔ یعنی کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنے مذہبی نظریات کو کسی دوسرے کے اوپر تھوپ دے یا ان

کو مجبور کرے کہ جو کچھ وہ کر رہے ہیں اسے accept کرے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب والا' اس کو آپ نے بہت سنجیدگی سے اٹھانا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی سازش ہے پاکستان کو ایک fundamental state کی طرف لے جانے کی اور یہ وہ لوگ کرا رہے ہیں کہ جو ایک stable, democratic, secular پاکستان کو دیکھنا نہیں چاہتے۔ جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی حکومت جو جمہوریت پر یقین رکھتی ہو اس کی کوشش یہی ہو گی کہ اس قسم کے مسائل حل ہو جائیں اور اس قسم کے مسائل نہ رہیں۔ لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اپنے political interestکے لئے ' وہ مذہبی قوتوں کو لڑانا چاہتے ہیں تا کہ ملک کے اندر stability نہ ہو' تا کہ ملک کے اندر تمام positive forces کو آگے بڑھنے کا موقع نہ ملے یہ ان کا attitude ہے ' میں سمجھتا ہوں کہ اس کو ہم جتنا بھی condemn کریں ' وہ کم ہے اور میری گزارش یہ ہے کہ اس کے بارے میں حکومت اور اپوزیشن اور تمام دوسرے لوگ مل بیٹھ کر کم از کم اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ ہم ایک اور افغانستان بنانے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ چونکہ ٹائم آپ نہیں دے رہے ہیں اس لئے میں یہیں پہ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ بڑی نوازش جناب۔ حافظ صاحب آپ ارشاد فرمائیں پھر نماز کا ٹائم بھی ہو گا۔ مجھے اس پر request بیرسٹر مسعود کوثر صاحب کی طرف سے بھی آئی ہے ' آپ خود سپیکر رہے ہیں ' Call Attention پر رول move نہیں کرتا' نہیں' آپ میری عرض سنیں۔

Syed Masood Kausar: Sir, since you have quoted the rules, under the rules if the Chairman permits, you can speak on any subject.

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ please آپ تشریف رکھیں ' وقت کی پابندی کا احساس فرمائیے گا۔ جی جناب حافظ صاحب۔

حافظ فضل محمد۔ شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ وکفٰی والسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ ' اما بعد۔ جناب چیئرمین صاحب ' یہ ایک حقیقت ہے ' فرقہ واریت ہو' لسانیت ہو ' عصبیت ہو یا قومیت ہو' یہ ملک کے لئے ' ملت کے لئے 'امت کے لئے ' ایک ناسور ہے۔ ناسور ' پوری دنیا جانتی ہے کہ وہ لاعلاج مرض ہے۔ اگر اس کو فوری طور پر کاٹ نہ دیا جا ' تو یہ پورے جسم کو تباہ کر دیتا ہے۔ یہ ہمارے اس ملک کے لئے ' ایک ناسور ہے ' فرقہ و

ہو، لسانیت ہو، عصبیت ہو، قومیت ہو، مذہبی جنونیت جس کی اسلام نے اجازت نہیں دی ہے ۔ اگرچہ میں ان الفاظ کی انتہائی پر زور مخالفت کرتا ہوں کہ اس کو بنیاد پرستی کہتے ہیں ۔ بنیاد پرست ہم ہیں، بنیاد پرستی پر ہمیں فخر ہے، بنیاد پرستی ہمارا آئین ہے ۔ ہمارے آئین نے یہ ضمانت دی کہ پاکستان میں کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جا سکے گا، جو اسلام کے اصول سے متصادم ہو ۔ پاکستان ایک سیکولر مملکت نہیں ہے بلکہ پاکستان ایک نظریہ کے لئے بنایا گیا تھا اور آئین نے اس کی ضمانت بھی ہمیں دی ہے ۔ البتہ یہ مذہبی جنونیت جو ہے، یہ فرقہ واریت، وہ تشدد، وہ عصبیت، یہ حقیقت ہے کہ اسلام نے ہمیں قطعاً اس کی اجازت نہیں دی ہے اور اسلام میں اس قسم کی حرکات حرام ہیں، ناجائز ہیں ۔ کسی دوسرے کا خون بہانا بغیر کسی شرعی جواز کے، یہ قتل ہے، یہ حرام ہے، یہ جرم ہے ۔ ہم اس قسم کی واردات اور اس قسم کے حادثات اور واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہیں ۔ یقیناً ہمارے ساتھ کچھ اس قسم کے لوگ تھے، پھر ہم نے اپنی جماعت سے نکال دیئے ۔ انہیں اصولوں کی بنیاد پر کہ ہم پوری دنیا کے لئے، پورے پاکستان کے لئے، امن چاہتے ہیں، اخوت چاہتے ہیں ۔ ایک ایسی فضا چاہتے ہیں، جس میں ہر قسم کے لوگ یہاں سکھ کا سانس لیں ۔ اس کے ہم انتہائی خلاف ہیں، اور یہ بھی پوری دنیا میں ایک مسلم اصول ہے کہ تین، چار چیزوں کو عوام کو فراہم کرنا حکومت وقت کی ذمہ داری ہوتی ہے ۔ ایک اس کی جان کی حفاظت اور مال کی حفاظت، ناموس کی حفاظت ۔ یہ پوری دنیا میں ایک مسلم اصول ہے کہ حکومت کا کام ہی یہی ہے کہ عوام کو اپنے ملک میں بسنے ہونے لوگوں کو یہ تین بنیادی چیزیں ان کو فراہم کر دیں ۔ اگرچہ ان کے اور فرائض بھی ہیں کہ ان کو روزگار فراہم کریں، ان کو رہائش کے لئے مکان فراہم کریں، ان کے لئے زندگی کی تمام سہولیات فراہم کریں، لیکن یہ حقوق بنیادی چیزیں ہیں ۔ اگر کوئی بھی حکومت، جہاں بھی ہو، کسی بھی ملک میں ہو، یہ چیزیں اگر عوام کو فراہم نہ کرسکے تو قانونی لحاظ سے بھی، ہمارے آئین، ہمارے قانون کے لحاظ سے بھی، اور پوری دنیا کے سیاسی حوالے سے بھی، اخلاقی لحاظ سے بھی اور شرعی لحاظ سے بھی اس حکومت کو پھر ایک دن بھی رہنا نہیں چاہیئے ۔ ان کو مستعفی ہونا چاہیئے اور ان کا اخلاقی، آئینی، قانونی فرض ہے کہ وہ خود بخود مستعفی ہو جائیں ۔ جو بھی حکومت ہو، جہاں بھی حکومت ہو کیونکہ حکومت کا معنی ہی یہی ہے کہ لوگوں کو یہ چیزیں فراہم کر دیں ۔ آج ہم آئے دن دیکھتے ہیں، ہر جگہ دیکھ رہے ہیں، یہی حالات ہیں ۔ اس کے لئے ہم حکومت سے درخواست کرتے

ہیں ۔ اپیل کرتے ہیں کہ اس قسم کے واقعات کو انتہائی سنجیدگی سے اٹھانے اور اس قسم کے واقعات آئندہ پیش نہ ہونے کے لئے وہ ایسے اقدامات کرے کہ اس کا سدباب ہو سکے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ اگر آپ ایک یہ حکومت میرے ہاتھ میں دے دیں گے پھر آپ دیکھیں گے کہ ایسے واقعات ہوتے ہیں یا نہیں ہوتے ۔ ان کے جو بڑے ہیں آپ کی فہرست میں ہیں ۔ آپ کی معلومات میں ہیں ۔ آپ خوب جانتے ہیں کہ فلاں فلاں ہیں ۔ ان کو لاؤ جیل میں ایک مہینہ رکھ لیں اور جیل کی دال جب کھائیں گے تو یہ خود بخود توبہ کر لیں گے ۔ لیکن حکومت بھی اس انداز سے نہیں چاہتی ہے کہ اس قسم کے معاملات کا سدباب ہو جائے اس لئے کہ پھر ہماری کمزوریاں ان کی نظر میں آ جائیں گی اگر وہ آپس میں آرام سے اور محبت سے ہو رہے ہیں ۔ آپس میں جب لڑتے رہیں گے ۔ الجھتے رہیں گے تو ہماری کمزوریوں سے ان کی توجہ ہٹتی جائے گی ۔ یہ حکومت کے فرائض نہیں ہیں ۔ اگر اس طرح یہ مجرمانہ غفلت کریں تو یہ حکومت ختم ہو جائے گی ۔ میں تو کہتا ہوں کہ اللہ ہماری حکومت کو بھی اور جو لوگ ہماری قیادت کرتے ہیں ان کو بھی سمجھ عطا فرمائے کہ اس قسم کے واقعات اور حرکات سے وہ باز آجائیں ۔ شکریہ ۔

Mr. Deputy Chairman: Honourable Interior Minister.

Maj. Gen. (Retd.) Naseerullah Khan Babar: We are totally ashamed of the performance but it does not stem from law and order, as Maulana Sahib has just said. It is because of our total moral bankruptcy. When they get up over here, they express very pious sentiments but when they go out, they stand up on Friday on a pulpit, and will then throw there poison. When they go to the public meeting, they throw poison at each other. Have they not called each other "Kafir" what happened after that? What happened in Lahore in the public meeting? All these are a consequence of a public meeting. So, that youth sentiments must have been aroused otherwise these things do not happen. What did the Quaid-e-Azam said on the 14th August 1947? He did not want to make a fundamentalist state. They say that they are not fundamentalists.

Then what are they? Why are there so many sects in this country? Islam recognises only one, who believes in the Quran, and the Prophet

اس کے بعد تو اور کچھ بھی تفرقہ نہیں ہے۔ آپ پارہ ۲۰ کو پڑھیں۔

Islam was a revolution against fundamentalism and against formal clergy and formal church. What have we done today? They have divided us. They have divided us into 72 sects. Probably, even there are more today. It is their doing. When they get up over here, they will all make pious sentiments and they say

کہ جی یہ ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ پکڑ لو۔ ہم پکڑیں گے تو پھر یہی نکلیں گے جی۔ ہم تو اسلام کی خدمت کر رہے تھے۔ ہم نے کیا جرم کیا ہے؟

So, the point is that they are totally, morally bankrupt. We have no values. We do not care for Islam, the way it came to us. It was supposed to reform society. Today, it is being used to break up society and that is the greatest harm that they can do. What are we doing? We are killing each other. We are killing the Muslims. What is the punishment for killing a Muslim in Islam? It is not fair what is happening to day. What happened at Thokar Niazbeg? What happened the other day, in the Pubby hills? What happened in D.I.Khan? They are all the consequences of the same chain. Where are we going? What happens when the incident happens? They only put the names of the main leaders. Where does the investigation lead to? For example, Sipha-e-Sahaba, is to be blamed, then the names of Rehman Farooq and Tariq Azim are there. If TJNP is to be blamed, the names of Sajid Naqvi and other leaders are taken. The real criminals get away, because, they themselves provide them protection. Can they deny that they are not giving training in their institutions? Are they not producing all these people with this very purpose to force their own thought on other people within society? So, I would [illegible] them that please sit with us. We called a

meeting about 10 days ago. It was not a complete meeting. I apologised on behalf of the Government, I said, we have failed in informing every one and in this month i.e. December, I intend to request all the Ulama to please come and sit with us. You guide us, you lead us. You tell us what is required, as far as this issue is concerned and we will follow that. We have no hesitation in consulting anyone. If they can sit with us and draw rules of the game, we will go with them and we will enforce them but please when they get up on the pulpit on Friday, when they go to their public meetings, they should also not be throwing poison at the public because the end result is what? Killing of poor muslim by another muslim. This is in the name of Islam. So, this is what I would beg of him to please refrain from using such language.

Mr. Deputy Chairman: Shall we adjourn the House or go to the other Call Attention Notice, I mean the second one?

Syed Iqbal Haider: No, Sir, it can not be moved.

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ سید اقبال حیدر صاحب اگلا اجلاس کب کرنا ہے؟

Syed Iqbal Haider: Sir, on Monday at 4.00 P.M. Sir

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب، ہم نے ابھی تک کوئی private business نہیں کیا ہے۔

سید اقبال حیدر۔ نہیں جناب، اگر آپ Monday کو Private Member's Day رکھیں گے تو کراچی کی debate conclude نہیں ہو گی۔

Mr. Deputy Chairman: If we are switching it over to Monday, well, I think this is valid question by Chaudhry Anwar Bhinder.

اگر آپ لا سکیں، یہ تو consensus کی بات ہے۔

Syed Iqbal Haider: Sir, I am prepared but since last two weeks we

have done no concrete business except discussions. Sir, I don't mind, you can even have it on Sunday morning, if you wish on Sunday morning but Sunday afternoon is of the National Assembly.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, on Monday at 4.00 P.M.

Mr. Deputy Chairman: It is upto you people. So, I think it has been agreed by the House.

وہ بعد میں فیصلہ کر لیں گے کیا کرنا ہے

The House is adjourned to meet again on Monday at 4 of the clock. Thank you very much.

[The House then adjourned to meet again at 4 of the clock in the afternoon on Monday, December 5, 1994].

PCPPI—4495(97) Senate—31-10-97—180.